سوال

(200)ننگے بازوں نماز پڑھنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پوری آستین کا کرتہ پہن کر اگر کہنی کے اوپر آستین چڑھائے رکھے تو اس حالت میں نماز پڑھنی افضل ہے یا آستین گرا کر پڑھنی افضل ہے ؟ ۔ (سائل محمد سلیمان ازلال گنج بردون)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

آستین گرا کر نماز پڑھنی چاہیے کہ یہی افضل ہے ۔ آستین چڑھائے رہنے کی حالت میں نماز فاسد نہیں ہوگی کیوں کہ کہنیوں کا ڈھانکنا نماز میں ضروری نہیں ہے ’’ عن ابن عباس قال : أمر النبی صلی اللہ علیہ وسلم أن یسجد علی سبعة اعضاء ، ولا یکف شعراً ولا ثوباً، الحدیث (بخاری (کتاب الاذان باب السجود علی سبعة اعظم 1/197) مسلم (کتاب الصلاة باب اعضاء السجود (1/354(490)قال الحافظ : ’’ وَالْمُرَادُأَنَّہُ لَا یَجْمَعُ ثِیَابَہُ وَلَا شَعْرَہُ وَظَاہِرُہُ یَقْتَضِی أَنَّ النَّہْیَ عَنْہُ فِی حَالِ الصَّلَاةِ وَإِلَیْہِ جَنَحَ الدَّاوُدِيُّ وَتَرْجَمَ الْمُصَنِّفُ بَعْدَ قَلِیلٍ بَابُ لَا یَکُفُّ ثَوْبَہُ فِی الصَّلَاةِ وَہِیَ تُؤَیِّدُ ذَلِکَ وَرَدَّہُ عِیَاضٌ بِأَنَّہُ خِلَافُ مَا عَلَیْہِ الْجُمْہُورُ فَإِنَّہُمْ کَرِہُوا ذَلِکَ لِلْمُصَلِّی سَوَاءٌ فَعَلَہُ فِی الصَّلَاةِ أَوْ قَبْلَ أَنْ یَدْخُلَ فِیہَا وَاتَّفَقُوا عَلَی أَنَّہُ لَا یُفْسِدُ الصَّلَاةَ لَکِنْ حَکَی بن الْمُنْذِرِ عَنِ الْحَسَنِ وُجُوبَ الْإِعَادَةِ،، انتہی ملخصا (فتح :2/295).(محدث دہلی ج :8 ش :5 رجب 1359ھ 1940ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 316

محدث فتویٰ